DOI: https://doi.org/10.52541/fn.v61i1.2210

# جامع ترمذی میں علمِ اصولِ فقہ کا تعارفی مطالعہ

## (کتاب الطھارۃ تا کتاب الجنائز)

صائمہ ملک ۞
محمد حامد رضا ۞

# An Introductory Study of Jurisprodence in Jāmʿi Tarimdhī

## (Case Study from book of *al-Ṭāharah* to *al-Janāiz*)

**Saima Malik**۞
**Muhammad Hamid Raza**۞

**ABSTRACT:** ***Jamʿi Tarimzdhī*** is a comprehensive reference book on ḥadīth which its self radiates different fields of knowledge. According to Ibn ul Arabī and Allama Ghulam Rasool, it is considered to form the basis of fourteen (14) and twenty four (24) subjects of Hadees and Fiqh respectively. Later is of the view that it may give rise to even more than twenty four illustrations. A thorough research analysis of "Jame" from "Abwabul taharah to Abwabul jnaiz" proved it as such. The methodology and style for Ttitles (Trajm e abwab) and collection the sources of Fiqh (Mustadallat) clarifies / envisages thirteen (13) more different technical subjects of Usool e fiqh as well. So, the present study is done to extract and explore the introduction of these possible technical subjects in the field along with examples from "Jame tirmzi", (Abwabul taharah to Abwabul jnaiz).
**Key words:** jame tirmzi, chapters, al-taharah, al-janaiz, sources of fiqh, methodology, style, jurisprudence.

**Summary of the Article**

Imam Tirmidī's "Jame'" is a compilation of the ways of Sheikhain and Abi Dawud. Because in this book there is also a collection of Hadith related to

۞ پی ایچ ڈی ریسرچ سکالر شعبہ علوم اسلامیہ، جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد۔
۞ اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ علوم اسلامیہ، جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد۔
۞ Ph.D Research Scholar, Department of Islamic Studies, Govt. College University, Faisalabad. (smalikfsd@gmail.com)
۞ Assistant Professor, Department of Islamic Studies, Govt. College University, Faisalabad.

jurisprudence, so that's why this is considered as a torch light of various subjects of Hadith and Fiqh.

With thorough study we comes to know that Jame Tirmdi has an introductory capacity related with various topics of Usool-e-Fiqh. Therefore an introductory study regarding the use of these topics by Imam Tirmdi in the extraction of fiqhi commands in the context of "Abwab-ul-Taharah" to "Abwab-ul-Jnaiz" is dicussed in this article.

In "Sunan" of Imam Tirmdi there is a place in context of collection of Hadith, which shows that Imam is not only interested in extracting of Hadith related to jurisprudential, but also to inform the people abouth the importance of jusiprudence, as well as he also draw attention to acquire knowledge about fiqh.

Along with creating jurisprudential taste in the people, Imam Tirmdi himself is seen using the Usool-e-Fiqh. Principles of jurisprudence in derivation of Fiqhi commands, which brings out an introductory study of various topics of Usool-e-Figh.

For example, Imam Tirmdi in many places of His "Jame" introduces the topics of "Khas" and "Aam" by making the special Fiqhi commands from general and the general Fiqhi commands from special.

Similarly, he presents through the titles (Trajm-e-Abwab) the subjects of "Mutlaq" and "Muqayyad" by making the Mutlaq deeni commands from "Muqayyad" and the "Muqayyad" deeni commands from "Mutlaq".

If there are "Mujmil" and "Mufassir" prophetic statements related to some Fiqhi commands, then Imam Sahib first narrate Mujmil Hadith and later explain the interpretation of this Hadith through Mufassir for the purpose of removing jurisprudential confusion in the mind of readers. So, in this way he introduces the topics of "Mujmil" and "Mufassir".

Imam Tirmdi draws attention in his book to the "Zahir" of Hadith by establishing chapter titles with "Nas-e-Hadith". In this way he introduces the Fiqhi subjects of "Zahir" and "Nas".

In his book, Imam Tirmdi also reveals the purpose of the words of Sharay, from which the introduction of "Ibarat-ul-Nass" is derived. Sometimes, he introduces the "Dalalat-ul-Nas" by presenting the reason (illat) of the intended command of Sharay from the establishment of the titles (Trajm-e-Abwab).

In Jame, Imam mentions the titles through the meaning of Hadith, which actually adds to the text (Nass). And the meaning of text (Nass) is proved by it. Through this addition, he introduces a discussion of "Iqteza-ul-Nass".

Some times, he establishes titles by using the virtual meaning of the words mentioned in Hadith in the derivation of Fiqhi commands, from which along with providing understanding in the intended meaning / core theme of the Hadith, a discussion of "Haqeeqat-e-Muta'azzrah" is also introduced.

Sometimes Imam Tirmdi proves the prohibition of such an act through the titles, which in itself is beautiful and legitimate. But due to some hindrance or cause, the prohibition of committing this act is proved. The style of Imam Tirmdi provides the reader an introductory discussion of Usool-e-Fiqah, "Hasan Binafsehi Qabeeh Lighariehi".

In some places of his book, Imam establishes titles for the purpose of presenting

the clarity and introduction of "Byan-e-Taqreer". This style also removes the expected confusion in the Fiqhi command. Sometimes the titles of chapters are mentioned based on the change in the apparent meaning of the Hadith by the interpreter. This style of Imam presents the discussion of "Byan-e-Taghyeer".

Imam Tirmdi also mentions the "Ijma-e-Sahaba, Tabi'een and Tba-Tabi'een in regarding the Fiqhi command proven by the Hadith after the narration of Hadith regarding the derivation of commands in his "Jame". Which leads to the discussion of the source of Islamic jurisprudence, "Ijma".

He establishes also the titles (Trajm-e-Abwab) for the purpose of extracting Fiqhi commands / orders based on the reason of the juristic orders in the Hadith. From which derives an introduction to the source of Islamic jurisprudence, "Qiyas".

In the same way, among the essential attributes of Shari'ah, he presents the titles of chapters by keeping self-preservation (Hifz-e-Nafs) in the first place, which leads to the discussion of "Mqasid-ul-Shari'ah".

Sometimes Imam Tirmdi gives the interpretation of "Istehsan-Bil-Nass" by putting the "Nass" in comparison to "Qiyas-e-Zahir".

Ibnul Arabi derived fourteen subjects related to Hadith and Fiqh from the discussions of Jame Tirmdi. While Allama Ghulam Rasool Saeedi derived twenty four subjects and said that it cannot be considered as the last digit of the subjects / sciences of "Jame". So in this article, the jurisprudential insight of Imam Tirmdi, which is evident form the titles of Imam and collection of Mustadallat brings forth the introduction of thirteen more topics related to the Usool-e-Fiqh. From which it is known that this book of Hadith is like an ocean for those who are passionate about Hadith and Fiqh. By descending into the depths of which the diver can find new pearls.

۞ ۞ ۞ ۞ ۞

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ اُن اکابر ائمہ میں سے ہیں جنھیں میدانِ علم میں ایک محدث کی حیثیت سے جانا جاتا ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ وہ ماہرِ حدیث ہونے کے ساتھ ساتھ ایک بلند پایہ فقیہ بھی تھے؛ کیوں کہ انھوں نے نہایت لطافت ونفاست اور خوب صورتی کے ساتھ اپنی حدیثی تالیف، "جامع" کو فقہی ذوق ورنگ کے ساتھ پیش کیا اور احادیثِ احکام کو جمع کرنے پر قناعت کے بجائے اُن میں مخفی خزائن و معارف سے عوام الناس کو بہرہ ور کرنے کو بھی ہدفِ تالیف بنایا۔ یہی وجہ ہے کہ اُن کی تالیف پر "جامع" اور "سنن" دونوں کا اطلاق ہوتا ہے۔

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کی یہ تالیف شیخین اور ابو داؤد کے طریقوں کی جامع ہے جسے حدیث اور فقہ کے مختلف علوم وفنون کا منبع و ماخذ قرار دیا جاتا ہے۔ اِس ضمن میں بہاؤ الدین زکریا یونی ورسٹی، ملتان میں "امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کا علمِ اصولِ حدیث میں ایک حصہ" کے عنوان سے تحقیقی مقالہ قلم بند ہوا، لیکن اس کتاب میں احکامِ فقہ کا بھی ذخیرہ موجود ہے جس کا بہ نظرِ غائر مطالعہ کیا جائے تو واضح معلوم ہوتا ہے کہ **جامع ترمذی** بلا شبہ علمِ اصولِ فقہ کے

موضوعات کا بھی منبع ہے اور ان کا ایک لطیف تعارف اپنے اندر سموئے ہوئے ہے۔زیرِ نظر مقالے میں استخراجِ احکام میں امام ترمذیؒ کا اُن موضوعاتِ فقہ سے استفادے کے حوالے سے ایک تعارفی مطالعہ "أبواب الطهارة تا أبواب الجنائز" کے تناظر میں مع امثلہ پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

## اندراجِ حدیث سے اشتغال فی الفقہ کا اثبات

علمِ فقہ سے بہ خوبی واقف ہونا ایک مسلمان کا اوّلین فریضہ ہے۔ جیسا کہ قرآن کا فرمان ہے: ﴿ **فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ** ﴾[۱] (مگر ایسا کیوں نہ ہوا کہ ان کی آبادی کے ہر حصہ میں سے کچھ لوگ نکل کر آتے اور دین کی سمجھ پیدا کرتے اور واپس جاکر اپنے علاقے کے باشندوں کو خبردار کرتے تاکہ وہ (غیر مسلمانہ روش) سے پرہیز کرتے۔)[۲]

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کی سنن میں درج روایات پر غور کیا جائے تو اس سے واضح ہوتا ہے کہ انھوں نے نہ صرف اپنی تالیف میں استخراجِ احکام کا اہتمام کیا، بلکہ اُن کا مقصود و مطلوب عوام الناس کو فقہ کی فضیلت و اہمیت سے آگاہ کرنا اور ان کے حق میں اشتغال فی الفقہ کی ناگزیریت کو بھی ثابت کرنا ہے۔ مثلاً وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کی فضیلت ثابت کرنے کے لیے روایت آخر الباب اس انداز سے بیان کرتے ہیں: "عن العلاء بن عبد الرحمٰن بن يعقوب عن أبيه عن جده قال: قال عمر بن الخطاب (رضي الله عنه): لا يبع في سوقنا إلا من (قد) تفقه في الدين."(۳) (حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ کوئی ہمارے بازار میں اُس وقت تک خرید و فروخت نہ کرے جب تک دین میں خوب سمجھ پیدا نہ کرلے (یعنی مسائل و معاملات سے خوب آگاہ نہ ہو)۔

بہ ظاہر روایت الباب کو ترجمۃ الباب سے کوئی مناسبت نہیں ہے، مگر صاحب **تحفة الأحوذي** کے مطابق اس روایت کو ذکر کرنے کا حدیثی مقصودِ مؤلّف محض حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے یعقوب کے سماع و لقاء

---

۱۔ القرآن،۹: ۱۲۲۔

۲۔ ابوالاعلیٰ مودودی، **تفہیم القرآن** (لاہور: آرمی ایجوکیشن پریس،۱۹۹۹ء)، ۲، ۲۵۰۔

۳۔ ترمذی، **الجامع**، أبواب الوتر، باب ماجاء في فضل الصلوٰة على النبي صلى الله عليه وسلم (الریاض: دار السلام، ۱۴۳۰ھ)، رقم: ۴۸۷۔

کو ثابت کرنا ہے۔[4] بیانِ حدیث کے بعد امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے الفاظ بھی اسی مقصود و غرض کو واضح کرتے ہیں۔ انھوں نے لکھا کہ علاء رحمۃ اللہ علیہ تابعی ہیں اور انس بن مالک رضی اللہ عنہ وغیرہ، سے سماع رکھتے ہیں۔ عبدالرحمن بن یعقوب رحمۃ اللہ علیہ بھی تابعی، علاءؒ کے والد ہیں، جن کا سماع ابی ہریرہ، ابوسعید خدری اور ابن عمر رضوان اللہ علیہم اجمعین سے ثابت ہے۔ جب کہ یعقوب رحمۃ اللہ علیہ (جو کہ علاء کے دادا ہیں)، کبار تابعین میں سے ہیں جنھوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے ملاقات بھی کی اور روایت بھی بیان کی ہے ،[5] لیکن سند کے بعد متنِ حدیث کو بہ نظر غائر دیکھا جائے تو اس روایت کو ذکر کرنے کا ایک فقہی مقصد بھی سامنے آتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ مؤلّف نے "تفقہ في الدین" کے الفاظ سے عوام الناس کو فقہی بصیرت پیدا کرنے کی ہدایت فرمائی کہ علم فقہ سیکھنا اور اس میں مہارت تامّہ (مکمل مہارت) کا حصول بہ نسبت دوسرے علوم کے زیادہ ضروری ہے؛ کیوں کہ دنیوی واخروی مضار و منافع اِسی علم سے واقفیت میں پنہاں ہیں۔ جیسا کہ کسی بھی امر سے متعلق حلال، حرام، واجب، سنت، مستحب، مکروہ، مباح، ان تمام باتوں کو علم فقہ کے ذریعے ہی معلوم کیا جا سکتا ہے۔ امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا یہ طرز احادیث کے مطالعے کے دوران میں فقہی ذوق کی تحریک ابھارنے کے اعتبار سے قابل ستائش ہے۔ لہٰذا اس اسلوب کے تحت **جامع ترمذی** کا مطالعہ کرنے سے "علمِ اصولِ فقہ" سے متعلق متعارف ہونے والے کچھ قواعد / موضوعات / فنون اس طرح سامنے آتے ہیں:

## عنوانات قائم کرنے سے "خاص" و "عام" کا تعارف

### خاص

"فالخاص لفظ وضع لمعنى معلوم أو لمسمى معلوم على الانفراد."[6] (خاص ایسے لفظ کو کہیں گے جسے کسی مخصوص معنی یا مخصوص شخصیت کے لیے بنایا گیا ہو۔)

---

۴- عبدالرحمٰن مبارک پوری، **تحفة الأحوذي بشرح جامع الترمذي**(بیروت:دارالکتب العلمیة، س ن)، ۲: ۴۹۹، ۵۰۰۔

۵- ترمذی، **جامع**، أبواب الوتر، باب ماجاء في فضل الصلوٰة على النبي صلى الله عليه وسلم، رقم:۴۸۷۔

۶- نظام الدین شاشی، **أصول الشاشي مع أحسن الحواشي**(ملتان:فاروقی کتب خانہ، س ن)، ۵۔

## عام

"لفظ ينتظم جميعا من الأفراد إما لفظا كقولنا مسلمون و مشركون، وإما معنى كقولنا من وما."[٧] (عام سے مراد ہر وہ لفظ جو لفظاً یا معناً پہلے سے تمام افراد پر بولا جائے۔عام لفظی کی مثال مسلمون اور مشرکون ہے۔عام معنوی کی مثال من اور ما ہیں۔)

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ اپنی **جامع** میں اکثر مقامات پر احادیث احکام میں موجود "خاص" حکم کی تراجم ابواب سے "تعمیم" کرتے ہوئے موضوعاتِ اصولِ فقہ، "خاص" و "عام" کو متعارف کراتے ہیں۔توضیح کے پیشِ نظر کچھ نظائر درج ذیل ہیں:

۱- مثلاً انھوں نے یہ مسئلہ مستنبط کیا کہ آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو واجب نہیں ہے۔ مضمونِ روایت یہ ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک انصاریہ عورت کی طرف گئے۔ اُس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ایک بکری ذبح کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا گوشت کھایا۔ پھر وہ عورت تر کھجوروں کا طباق لائی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ بھی تناول فرمایا اور اس کے بعد وضو کرکے نمازِ ظہر ادا کی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم واپس آئے اور بکری کا بچا ہوا کچھ گوشت بھی ساتھ لائے۔ جسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھایا اور اس کے بعد وضو کیے بغیر (نمازِ ظہر کے وضو سے ہی) نمازِ عصر ادا کی۔[٨] روایت مذکورہ میں محض بکری کے گوشت کا بیان ہے جس کو کھانے کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیے بغیر نماز پڑھ لی۔ سو واضح ہوا کہ اس روایت کا حکم "أكل لحم غنم" (بکری کا گوشت کھانے) کے ساتھ مخصوص ہے، لیکن امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ اس کے لیے "باب ماجاء في ترك الوضوء مما غيّرت النار" (آگ پر پکی ہوئی چیز سے وضو نہ ٹوٹنے کے بیان میں) کا عنوان تجویز کرتے ہیں۔ جس پر کچھ تأمّل سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ لفظ "ممّا" کے ذریعے وہ مستدل حدیث میں مذکور حکم خاص کی تعمیم ثابت کر رہے ہیں۔ یعنی (بغیر کسی قید یا تخصیص کے) جو بھی چیز آگ پر پکی ہو، اس کو کھانے کے بعد وضو لازم نہیں ہے؛ کیوں کہ "ممّا" کا لفظ حکم

---

٧- نفس مرجع،٦۔

٨- ترمذی،مصدرِ سابق،أبواب الطهارة،باب ما جاء في ترك الوضوء مماغيرت النار،رقم:٨٠۔

حدیث کے حوالے سے اثباتِ عمومیت پر دلالت کر رہا ہے۔

۲- أبواب الصلاۃ میں یہ حکم اخذ کرتے ہیں کہ کسی چیز کے نمازی کے سامنے سے گزرنے سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔ مستدل روایت کو دیکھا جائے تو اس میں گدھی کا ذکر ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ ایک گدھی پر سوار تھے۔ پھر وہ منیٰ میں اترے، جہاں نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اصحاب کے ساتھ نماز ادا کر رہے تھے، اور ان کے ساتھ صف میں شامل ہو گئے۔ وہ گدھی ان کے سامنے سے گزری لیکن اُس نے اُن کی نماز نہ توڑی۔[9] حکم حدیث، گدھی کے گزرنے کے ساتھ خاص ہے، جب کہ موٗلف نے اس حدیث پر "باب ماجاء لایقطع الصلوۃ شيء" (اس بیان میں کہ کسی چیز کے آگے جانے سے نماز نہیں ٹوٹتی) کا عنوان قائم کرکے یہ ثابت کیا کہ کوئی بھی چیز نمازی کے سامنے سے گزرے تو نماز فاسد نہیں ہو گی؛ کیوں کہ شيء کا لفظ اُن کے مقصودِ عمومیت کی جانب صریح اشارہ ہے۔

۳- اسی طرح وہ ثابت کرتے ہیں کہ کتے، گدھے اور عورت کے نمازی کے آگے سے گزر جانے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے۔ حدیث الباب میں "الکلب الأسود" کے الفاظ ہیں۔ یعنی سیاہ کتے کی تخصیص موجود ہے؛ کیوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "الکلب الأسود شیطان" (کالا کتا شیطان ہے)[10] لیکن امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ اس روایت پر "باب ماجاء أنه لایقطع الصلوٰۃ إلا الکلب والحمار والمرأۃ" (اس بیان میں کہ کتے اور گدھے کے آگے چلے جانے سے نماز نہیں ٹوٹتی) کے الفاظ سے عنوان قائم کرتے ہوئے بغیر کسی قید و حصار کے کتے کی ہر قسم کو شامل کر رہے ہیں۔ یعنی خواہ کتّا کالا ہو، سرخ ہو یا سفید، اس کے گزرنے سے نماز فاسد نہیں ہو گی۔[11]

۴- أبواب الصلوٰۃ ہی میں چوپایوں پر نماز پڑھنے کا جواز ثابت کیا خواہ اُن کا رُخ کہیں بھی ہو؛ جب کہ حدیث مستدل میں "وهو یصلي علی راحلته نحوا المشرق" کے الفاظ ہیں۔ یعنی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

---

۹- ترمذی، مصدرِ سابق، أبواب الصلوۃ، باب ماجاء لایقطع الصلوۃ شيء، رقم: ۳۳۷۔

۱۰- ترمذی، مصدرِ سابق، باب ما جاء أنه لا یقطع الصلوٰۃ إلا الکلب والحمار والمرأۃ، رقم: ۳۳۸۔

۱۱- ترمذی، مصدر سابق أبواب الصلوۃ.

کے اپنی اونٹنی پر نماز پڑھنے کا ذکر ملتا ہے جس کا رُخ مشرق کی طرف تھا۔[۱۲] شارح ترمذی، علامہ محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ راحلۃ سے مراد اونٹ کی سواری ہے خواہ وہ مذکر ہو یا مونث۔[۱۳] لیکن امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے حدیث الباب کے حوالے سے "باب ماجاء في الصلوٰة على الدابة حيث ماتوجهت به" کا عنوان ثبت کیا۔ کتب لغات میں لفظ "دابۃ" کی تصریح، "اسم لكل حيوان ...لمايعقل ولما لايعقل"[۱۴] (ہر حیوان کو دابہ کہتے ہیں خواہ وہ عقل رکھتا ہو یا نہیں)، "كل مايمشي على الأرض"[۱۵] (زمین پر چلنے والی ہر چیز)، کے الفاظ میں ملتی ہے۔ واضح ہوا کہ زمین پر چلنے والے ہر جان دار پر لفظ "دابۃ" کا اطلاق ہوتا ہے، خواہ وہ پیٹ کے بل رینگے، دو یا چار پاؤں پر چلے و جیسا کہ قرآنِ حکیم میں بھی "دابۃ" کی اِن اقسام کو ذکر کیا گیا: ﴿**وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنْ مَّآءٍ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى بَطْنِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى رِجْلَيْنِ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰٓى اَرْبَعٍ ؕ**﴾[۱۶] (اور اللہ نے ہر جان دار ایک طرح کے پانی سے پیدا کیا۔ کوئی پیٹ کے بل چل رہا ہے تو کوئی دو ٹانگوں پر اور کوئی چار ٹانگوں پر۔)[۱۷]

اس کے بعد عنوانِ باب پر غور کیا جائے تو امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا مقصودِ اثبات "ومنهم من يمشي على أربع" کے تناظر میں معلوم ہوتا ہے کہ اُن پر نماز پڑھنا جائز ہے خواہ ان کا رخ کہیں بھی ہو؛ کیوں کہ سواری چوپائے ہی پر ممکن ہے۔ اس اعتبار سے لفظ "دابۃ" اپنی عمومیت کی بنا پر ہر چوپائے کو شامل ہو جاتا ہے، خواہ

---

۱۲- ترمذی، مصدرِ سابق، باب ماجاء في الصلوٰة على الدابة حيث ماتوجهت، رقم: ۳۵۱۔

۱۲- محمد یوسف بنوری، **معارف السنن شرح جامع الترمذي** (کراچی، ایچ ایم سعید کمپنی، س ن)، ۳: ۳۹۷۔

۱۳- محمد بن احمد الازہری، **تهذيب اللغة** (بیروت: دار إحياء التراث العربي، ۲۰۰۱ء)، ۱۴: ۵۵۔

۱۴- ابوالفضل محمد بن مکرم ابن منظور، لسان العرب (بیروت: دار صادر، ۱۴۱۴ھ)، ۱: ۳۶۹؛ نشوان بن سعید الحمیری؛ **شمس العلوم ودواء كلام العرب من الكلوم** (بیروت: دار الفکر، ۱۴۲۰ھ)، ۴: ۲۰۰۴۔

۱۵- القرآن، ۲۴: ۴۵۔

۱۶- مودودی، تفہیم، ۳: ۴۱۳۔

وہ راحلۃ (اونٹ) ہو، حمار (گدھا) ہو، یا فرس (گھوڑا) سو مؤلفؒ نے اُس حکم حدیث کو جو "راحلۃ" کے ساتھ خاص تھا، ترجمۃ الباب سے ہر چوپائے کے حوالے سے عام کر دیا۔ یعنی امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اونٹ کے علاوہ بھی ہر چوپائے پر نماز پڑھی جا سکتی ہے۔

بعض اوقات مؤلفؒ ترجمۃ الباب قائم کر کے بہ طور تخصیص حدیث الباب میں مذکور حکم کے عموم کی طرف بھی توجہ دلاتے ہیں۔

جیسا کہ انھوں نے یہ حکم اَخذ کیا کہ جس نے نمازِ جمعہ کی ایک رکعت پالی، گویا اُس نے پوری نماز پالی۔ حدیث مستدل، "من أدرک من الصلوٰة رکعة فقد أدرک الصلوٰة" میں محض "صلوۃ" کا لفظ موجود ہے؛ جب کہ امام موصوف رحمۃ اللہ علیہ نے اس پر "باب ماجاء في من یدرک من الجمعة رکعة" (اس بیان میں جو جمعہ کی ایک رکعت پائے) کا عنوان تحریر کیا۔ (۱۸) چوں کہ "صلوٰۃ" کا لفظ اپنے مفہوم کے اعتبار سے عام ہے اور نمازِ جمعہ کو بھی شامل کرتا ہے۔ اس لیے انھوں نے بہ طور تخصیص ترجمۃ الباب کا اہتمام کرتے ہوئے عمومیت "صلوٰۃ" کی طرف اشارہ کر دیا کہ مطلق "صلوٰۃ" کے حکم میں "صلوٰۃ الجمعۃ" بھی شامل ہے۔

## عنوانِ باب سے "مطلق" و "مقید" کا تعارف

اصولِ فقہ کی رو سے مطلق کی تعریف یہ ہے: "ما دل علی شائع في جنسه." (۱۹) (مطلق وہ لفظ ہے جو ایسے مدلول پر دلالت کرے جو اپنی جنس میں عام ہو۔) اسی طرح مقید سے مراد ہے: "هو ما دل لا علی شائع في جنسه... أو ما کان له دلالة علی شيء من القیود." (۲۰) (مقید وہ لفظ ہے جو ایسے مدلول پر دلالت کرے جو اپنی جنس میں عام نہ ہو۔۔۔ یا کسی ایسی چیز پر دلالت کرے جس میں کوئی قید پائی جائے۔)

امام موصوفؒ قیامِ تراجمِ ابواب کے ذریعے مطلق حکم کی تقیید اور حکمِ مقید کا اطلاق کرتے ہوئے "مطلق" و "مقید" کی بحث پیش کرتے ہیں۔

---

۱۷- ترمذی، **جامع**، أبواب الجمعة، باب ماجاء فیمن یدرک من الجمعة رکعة، رقم: ۵۲۴۔

۱۸- محمد بن علی الشوکانی، **إرشاد الفحول إلی تحقیق الحق من علم الأصول** (دار الکتاب العربي، ۱۴۱۹ھ)، ۲: ۵۔

۱۹- نفسِ مصدر، ۲: ۶۔

۱- مثلاً انھوں نے اس مسئلے کا استخراج کیا کہ جب کوئی شخص نیند سے بیدار ہو تو اُس وقت تک اپنا ہاتھ کسی برتن میں نہ ڈالے جب تک اُس کو دھونہ لے۔ حدیث مستدل میں "إذا استيقظ أحد كم من الليل" کے الفاظ ہیں۔[21] لیکن مولانا عبدالرحمن مبارک پوری کہتے ہیں کہ جمہور فقہا کے نزدیک یہ حکم محض رات کے وقت کے ساتھ مخصوص نہیں ہے، بلکہ اس میں صرف ہاتھ کی نجاست کا اعتبار کیا جائے گا۔[22] یعنی خدشۂ نجاست دن اور رات، دونوں میں موجود ہے۔ گویا غسلِ یدین (ہاتھوں کو دھونے) کا حکم بھی مطلق ہے۔ اسی طرح امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ، فقہاء کی جو اختلافی آرا ذکر کرتے ہیں، اُن کے مطابق امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ، امام اسحاق رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب وقت کی قید سے ماوراء ہے؛ جب کہ امام احمد، "من الليل" کی تقیید کے قائل ہیں۔[23]

درج بالا مسئلہ میں امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کا رجحان جمہور کی تائید میں معلوم ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ مستدل روایت کے لیے "باب ماجاء اذااستيقظ أحد كم من منامه فلايغمس يده في الإناء حتى يغسلها" (اس بیان میں کہ جب آدمی اپنی نیند سے جاگے تو اپنا ہاتھ برتن میں نہ ڈالے جب تک دھونہ لے) کا عنوان منتخب کرتے ہیں۔

روایت الباب میں "من الليل" کی قید ہے۔ جب کہ ترجمہ میں "من منامه" کے الفاظ مطلق نوم کے حوالے سے صریح اور واضح ہیں۔ جس سے غرضِ مؤلفؒ عیاں ہوتی ہے کہ خواہ "استيقاظ من الليل" ہو یا "من النهار" (کوئی رات میں نیند سے بیدار ہو یا دن میں)، دونوں صورتوں میں ہاتھوں کو برتن میں داخل کرنے سے پہلے غسل یدین کا اہتمام لازم ہے؛ کیوں کہ اس حکم کی علّت اندیشۂ

---

۲۰- ترمذی، مصدرِ سابق، أبواب الطهارة، باب ماجاء إذا استيقظ أحدكم من منامه فلايغمس يده في الإناء حتى يغسلها، رقم: ۲۴۔

۲۱- مبارک پوری، تحفة، ۱: ۹۱۔

۲۲ - ترمذی، مصدرِ سابق، أبواب الطهارة، باب ماجاء إذا استيقظ أحد كم من منامه فلايغمس يده في الإناء حتى يغسلها، رقم: ۲۴۔

نجاست ہے، کہ انسان نہیں جانتا کہ حالت نوم میں اس کا ہاتھ کہاں رہا۔ اور یہ اندیشہ دن، رات دونوں میں موجود ہو سکتا ہے۔

۲- اسی طرح أبواب الجنائز میں مصیبت کے وقت منہ پیٹنے اور گریبان پھاڑنے کی ممانعت حسب ذیل روایت سے ثابت کرتے ہیں: "لیس منا من شق الجیوب و ضرب الخدود ودعا بدعوة الجاهلية." [۲۴] (وہ شخص ہماری اُمت میں سے نہیں جو گریبان پھاڑے، گال پیٹے اور اہل جاہلیت کی طرح پکارے۔)

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اس روایت کو کتاب الجنائز میں لائے اور اس پر "باب لیس منا من شق الجیوب"، "باب لیس منا من ضرب الخدود"، "باب ماینھی من الویل و دعوی الجاهلية عند المصيبة" کے تراجم ذکر کیے۔[۲۵] امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی کتاب الجنائز میں "دعوی الجاهلية"، "ضرب الخدود"، "شق الجیوب" کے الفاظ سے عنوانات ابواب کا اہتمام کیا۔[۲۶] امام ابن ماجہ رحمۃ اللہ علیہ بھی کتاب الجنائز ہی میں "باب ماجاء في النهی عن ضرب الخدود وشق الجیوب" کے تحت روایت مذکورہ کو بیان کرتے ہیں۔[۲۷] امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابنِ ماجہ رحمۃ اللہ علیہ کے تراجم حدیث الباب کے الفاظ کے مطابق مطلق ہیں،

---

۲۳- مصدرِ سابق، أبواب الجنائز، باب ماجاء في النهي عن ضرب الخدود وشق الجيوب عند المصيبة، رقم: ۹۹۹۔

۲۴- محمد بن اسماعیل البخاری، **الجامع الصحيح المسند المختصر من أمور رسول الله وسننه وأيامه**، کتاب الجنائز، باب ليس منامن شق الجيوب، (دار طوق النجاة، ۱۴۲۲ھ)، رقم: ۱۲۹۴؛ نفسِ مصدر، باب ليس منا من ضرب الخدود، رقم: ۱۲۹۷؛ نفسِ مصدر، باب ما ينهى من الويل ودعوى الجاهلية، رقم: ۱۲۹۸۔

۲۵- ابو عبدالرحمن احمد بن شعیب النسائی، **سنن النسائي**، سنن، کتاب الجنائز، دعوى الجاهلية (حلب: مكتب المطبوعات الإسلامية، ۱۴۰۶ھ)، رقم: ۱۸۶۰؛ نفسِ مصدر، ضرب الخدود، رقم: ۱۸۶۲؛ نفسِ مصدر، شق الجيوب، رقم: ۱۸۶۴۔

۲۶- ابو عبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ، **سنن ابن ماجه**، کتاب الجنائز، باب ما جاء في النهي عن ضرب الخدود

ان میں کسی وقت کی تخصیص نہیں ہے؛ کیوں کہ الفاظِ حدیث ماورائے وقت ہیں، جب کہ امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی طرز پر"باب ماجاء في النهى عن ضرب الخدود وشق الجيوب عند المصيبة" (اس بیان میں کہ مصیبت کے وقت منہ پیٹنا اور گریبان پھاڑنا حرام ہے) کے الفاظ سے عنوان تحریر کرتے ہوئے حدیث الباب کے "مطلق" حکم میں "عند المصيبة" کی تقیید قائم کر دی اور یہ بھی واضح کیا کہ حکم حدیث، وقتِ مصیبت کی صورت سے متعلق ہے۔

## روایات کی تقدیم و تاخیر سے "مجمل" و "مفسر" کی تصریح

اصولِ فقہ میں مفسر سے مراد ہے:"ما ظهر المراد به من اللفظ ببيان من قبل المتكلم بحيث لا يبقى معه احتمال التأويل والتخصيص"[۲۸] (لفظ کا جو ظاہری مفہوم ہو، متکلم اپنے بیان سے خود اس کی وضاحت کر دے حتیٰ کہ اس میں کسی قسم کی تاویل اور تخصیص باقی نہ رہے۔) اسی طرح مجمل سے مراد ہے:"هو ما احتمل وجوها فصار بحال لا يوقف على المراد به إلا ببيان من قبل المتكلم"[۲۹] (مجمل یہ ہے جس میں کئی صورتوں کا احتمال پایا جائے اور اس کی حالت یہ ہو جائے کہ متکلم کی وضاحت کے بغیر کسی مفہوم کا تعین نہ ہو سکے۔)

کسی فقہی مسئلے سے متعلق اگر مجمل اور مفسر روایات موجود ہوں تو امام صاحبؒ اندراجِ احادیث کے تناظر میں فقہی اشکال و ابہام دور کرنے کی غرض سے پہلے مجمل اور بعد ازاں اُس اجمال کی تفسیر کرنے والی، مفسر روایت کے بیان کے ذریعے "مجمل و مفسر" کی بحث مصرح فرماتے ہیں۔

مثال کے طور پر انھوں نے مسحِ راَس کا حکم اَخذ کیا۔ اور اس سلسلے میں "باب ماجاء أنه بدأ بمؤخر الرأس" (سر کے پیچھے سے مسح کرنے کے بیان میں) کے ذیل میں اس روایت کو تحریر کیا: "أن النبي صلى

---

وشق الجيوب،( دار إحياء الكتب العربية،س ن) ،رقم:۱۵۸۴۔

۲۷- نظام الدین شاشی، **أصول الشاشي مع أحسن الحواشي**،۲۳۔

۲۸ - نفس مرجع،۲۵۔

الله عليه وسلم مسح برأسه مرتين: بدأ بمؤخر رأسه ثم بمقدمه"[۳۰] (نبی ﷺ نے اپنے سر کا دو مرتبہ مسح کیا۔ پہلی بار سر کے پیچھے سے شروع کیا پھر آگے سے۔)

روایت بالا میں "مسح برأسه مرتين" کے الفاظ ظاہری طور پر "مسح مرتين" (دو مرتبہ مسح کرنے پر) پر دلالت کر رہے ہیں۔ جب کہ شارحین کے نزدیک یہ الفاظ استیعاب مسح رأس (سر کے مکمل مسح) سے متعلق دو حرکتوں یا دو مراحل کے بیان پر محمول ہیں نہ کہ مسحتين (دو بار مسح) پر۔[۳۱] اس سے معلوم ہوا کہ "مسح برأسه مرتين" کے الفاظ مجمل ہیں، لیکن امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی تفسیر کے پیش نظر اگلا باب "باب ماجاء أن مسح الرأس مرة" (سر کا مسح ایک بار کرنے کے بیان میں) قائم کیا۔ اور متدل روایت، "مسح رأسه، ومسح ما أقبل منه وما أدبر، وصدغيه وأذنيه مرة واحدة"[۳۲] (آپ نے اپنے سر کے اگلے، پچھلے حصے کا، دونوں کنپٹی اور کانوں کا ایک بار مسح کیا)، میں مذکور" مرة واحدة" کے الفاظ سے نہ صرف سابقہ روایت الباب کے "اجمال" کی طرف اشارہ کیا بلکہ یہ توضیح و تفسیر بھی فرما دی کہ اس میں "مسح برأ سه مرتين" کے الفاظ "مسحتين" کے بجائے "مسح رأس مرة بالاستيعاب" (ایک بار سر کا مکمل مسح کرنا) / "مسح رأس مرة بالحركتين" (دو حرکتوں یا مراحل کے ساتھ سر کا مسح کرنا، یعنی آگے سے پیچھے اور پیچھے سے آگے) پر دلالت کرتے ہیں۔

## الفاظِ ترجمہ سے "ظاہر" و "نص" کا تعارفی مطالعہ

اصولِ فقہ میں ظاہر سے مراد ہے "فالظاهر اسم لكل كلام ظهر المراد به للسامع بنفس

---

۲۹ – ترمذی، مصدرِ سابق، أبواب الطهارة، باب ماجاء أنه يبدأ بمؤخر الرأس، رقم:۳۳۔

۳۰ – انور شاہ کشمیری، **العرف الشذي شرح سنن الترمذي** (بیروت: دار إحياء التراث العربي، ۱۴۲۵ھ)، ۱: ۷۷؛ بنوری، **معارف**، ۱: ۱۷۷۔

۳۱ – ترمذی، مصدر سابق، أبواب الطهارة، باب ماجاء أن مسح الرأس مرة، رقم:۳۴۔

السماع من غير تأمل"[۳۳] (ظاہر اس کلام کو کہا جاتا ہے جس کو محض سنتے ہی سننے والے پر اس کا پورا مفہوم ظاہر ہو جائے، اور کسی قسم کے غور و فکر کی ضرورت نہ پڑے۔) اسی طرح نص سے مراد ہے: ما سیق الکلام لأجله."[۳۴] (نص اس مفہوم کو کہتے ہیں جس کی خاطر کلام کو لایا جائے۔)

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ بعض مقامات پر حدیث کی نص سے عنواناتِ ابواب کے قیام سے حدیث الباب کے "ظاہر" کی طرف توجہ دلانے کے ساتھ ساتھ "ظاہر" و "نص" کا تعارف دیتے ہیں۔

۱۔ جیسا کہ انھوں نے دوران قیامِ صلوٰۃ دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر رکھنے کا حکم درج ذیل روایت کو پیش نظر رکھتے ہوئے ثابت کیا ہے: "عن قبیصة بنهلب، عن أبیه قال: کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یؤمّنا فیأخذ شماله بیمینه."[۳۵] (قبیصہ بن ہلب سے روایت ہے۔ وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں۔ انھوں نے کہا رسول صلی اللہ علیہ وسلم اللہ ہماری امامت کرتے تھے۔ سو اپنا بایاں ہاتھ دائیں ہاتھ سے پکڑتے تھے۔) روایت بالا عند الصلوٰۃ (ادائی صلاۃ کے وقت حالتِ قیام میں) دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ کو پکڑنے کے اعتبار سے "ظاہر"، جب کہ عند القیام فی الصلوٰۃ دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ کے اوپر رکھنے کے اعتبار سے "نص" ہے اور اسی "نص" کی بنا پر امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ حدیث مذکورہ پر "باب ما جاء في وضع الیمین علی الشمال في الصلوٰة" (نماز میں دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھنے کے بیان میں) کا ترجمہ قائم کرتے ہیں۔

۲۔ پھر آپ رحمۃ اللہ علیہ نمار میں جمائی لینے کی کراہیت کا حکم مستنبط کرتے ہیں اور اس حکم کو انھوں نے حسب ذیل روایت سے متخرج فرمایا ہے: "عن أبي هریرة: أن النبي صلی الله علیه وسلم

---

۳۲ – شاشی، مرجعِ سابق، ۲۱؛ محمد بن احمد السرخسی، **أصول السرخسي** (بیروت: دارالکتاب العلمیة، ۱۴۱۴ھ)، ۱: ۱۶۳۔

۳۳ – سرخسی، نفسِ مصدر، ۱: ۱۶۴۔

۳۴ – ترمذی، مصدرِ سابق، أبواب الصلوٰة، باب ماجاء في وضع الیمین علی الشمال في الصلوٰة، رقم: ۲۵۲۔

قال:التثاؤب في الصلوٰة من الشيطان، فإذا تثاءب أحدكم فليكظم ما استطاع."[۳۶]

(حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ نماز میں جمائی آنا شیطان کی طرف سے ہے۔ سو جب کسی کو جمائی آئے تو جہاں تک ہو سکے،اُسے روکے۔) یہ روایت، نماز میں جمائی کے عمل کے شیطان کی طرف منسوب ہونے اور حتی المقدور اُسے روکنے کے اعتبار سے "ظاہر" ہے۔ جب کہ مقصودِ روایت نماز میں جمائی لینے کی کراہیت کا اثبات ہے اور اسی مقصود کے پیشِ نظر امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے "باب ماجاء في كراهية التثاؤب في الصلوٰة" (اس بیان میں کہ جمائی لینا مکروہ ہے) کا عنوان قائم کر دیا ہے۔

۳۔ اسی طرح نمازِ جنازہ کے طریقِ ادائی اور شفاعتِ میت کی صورت کا اثبات کرنے کے لیے اس روایت سے استدلال کیا ہے: عن مرثدبن عبدالله اليزني قال: كان مالك بن هبيرة إذا صلى على جنازة فتقالّ الناس عليها جزّأهم ثلاثة اجزاء ثم قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صلى عليه ثلاثة صفوف فقد أوجب."[۳۷] (مرثد بن عبداللہ یزنی سے روایت ہے، انھوں نے کہا کہ مالک بن ہبیرہ جب نماز جنازہ پڑھتے اور لوگ کم ہوتے تو ان کی تین صفیں کر دیتے اور پھر کہتے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! جس میت پر تین صفوں نے نماز جنازہ پڑھی اس پر جنت واجب ہو گئی۔)

حدیث الباب نماز جنازہ میں کم لوگوں کی شراکت کی صورت میں تین صفیں بنانے اور تین صفوں کی نمازِ جنازہ کی ادائی پر میت کے لیے وجوب جنت کے اعتبار سے "ظاہر" ہے، لیکن اس کلام محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کو بیان کرنے کا مقصد نماز جنازہ کے طریقۂ ادائی (یعنی صف بندی کرنا)، اور میت کے لیے صورت شفاعت (یعنی جس میت پر تین صفیں نمازِ جنازہ ادا کریں، تو اس پر جنّت واجب ہے) کو واضح کرنا ہے۔ حدیث مذکورہ اِن توضیحات کے اعتبار سے "نص" ہے جس کے پیشِ نظر امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ "باب كيف الصلوة على الميت و الشفاعة له" کا

---

۳۵۔ مصدرِ سابق، باب ماجاء في كراهية التثاؤب في الصلوة، رقم:۳۷۰۔

۳۶۔ مصدرِ سابق، أبواب الجنائز، باب كيف الصلوة على الميت و الشفاعة له، رقم:۱۰۲۸۔

عنوان ذکر کرتے ہیں۔

امام ترمذیؒ، حدیث الباب میں مذکور "ظاہر" اور "نص" کا فرق عیاں کرتے ہوئے بھی ان موضوعات کا تعارف دیتے ہیں۔ عنوانات قائم کرنے میں امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا یہ اسلوب ان کے لطیف فقہی تدبر کا نفیس شاہد ہے۔

مثلاً نمازِ فجر کی سنّت رکعتوں میں قراءۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا بیان اور مختصر قراءت کا مسئلہ ثابت کرنے کے لیے مستدل روایت کو ان الفاظ میں ذکر کرتے ہیں: "عن ابن عمر قال: رمقت النبي صلى الله عليه وسلم شهرًا فكان يقرأ في الركعتين قبل الفجر ﴿قُلْ يَاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ﴾ و ﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ﴾" [38]
(حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ انھوں نے کہا کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فجر کی سنتوں میں مہینے بھر تک قُلْ يَاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھتے دیکھا۔)

یہ حدیث فجر کی سنت رکعتوں میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سورۂ الکفرون، سورۂ الاخلاص پڑھنے کے اعتبار سے "ظاہر"، جب کہ ان دو رکعتوں میں تخفیفِ قراءت کے لحاظ سے "نص" ہے اور اِن متقابلات کو امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے "باب ماجاء في تخفيف ركعتي الفجر وما كان النبي صلى الله عليه وسلم يقرأ فيهما" (سنّت فجر اور قراءت میں تخفیف کے بیان میں) کا عنوان قائم کرکے خوب صورتی سے مصرح فرمایا، جیسا کہ تخفیف رکعتي الفجر کے الفاظ "نص" اور "وماكان النبي صلى الله عليه وسلم يقرأ فيهما" کا جملہ "ظاہرِ" حدیث پر دلالت کر رہا ہے۔

## ترجمۃ الباب قائم کرکے "متعلقات النصوص" کا تعارف

امام ترمذیؒ باب کے عناوین قائم کرکے نص سے تعلق رکھنے والے مختلف امور کو نمایاں کرتے ہیں جو اصولِ فقہ میں معروف ہیں۔ ان کی تفصیل حسبِ ذیل ہے:

---

۳۷- مصدرِ سابق، ابواب الصلوٰۃ، باب ماجاء في تخفيف ركعتي الفجروماكان النبى صلى اللهؐ عليه وسلم يقرأ فيهما، رقم: ۴۱۷۔

## ۱- عبارۃ النص

اصولِ فقہ میں عبارت النص سے مراد ہے: "ما سیق الکلام لأجله وأرید به قصدًا"[۳۹] (عبارۃ النص سے مراد کسی نص کا وہ حکم جو سیاقِ کلام سے مقصود ہو اور متکلم نے قصداً اُس کا ارادہ کیا ہو۔)

امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ اپنی **جامع** میں ترجمۃ الباب کے ذریعے شارع کے مقصد کلام کو عیاں کر دیتے ہیں۔ جس سے "عبارۃ النص" کا تعارف ملتا ہے، جیسا کہ فجر اور عشا کے باجماعت پڑھنے کی فضیلت کا مسئلہ مستنبط کیا اور مندرجہ ذیل روایت کو بہ طور متدل تحریر کیا: "عن عثمان بن عفان قال:قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:"من شهدالعشاء في جماعة كان له قیام نصف لیلة، ومن صلی العشاء والفجر في جماعة كان له كقیام لیلة."[۴۰] (حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جو عشا کی جماعت میں حاضر ہوا اُس کو آدھی رات جاگنے کا ثواب ہے۔ اور جس نے عشا اور فجر کی نماز جماعت میں پڑھی اُس کے لیے ساری رات جاگنے کی مانند ثواب ہے۔)

مقصودِ کلام نمازِ فجر اور نمازِ عشا کی باجماعت ادائی کی فضیلت کا بیان ہے۔ فقہی اصطلاح میں یہ "عبارۃ النص" ہے، جس کے ذریعے حدیث مذکورہ پر امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے "باب ما جاء في فضل العشاء والفجر في الجماعة" (عشا اور فجر کی جماعت کے ساتھ فضیلت کے بیان میں) قائم کیا ہے۔

---

۳۸- الشاشی، مرجعِ سابق، ۲۸۔

۳۹- الترمذی، مصدرِ سابق، باب ماجاء في فضل العشاء والفجر في الجماعة، رقم: ۲۲۱۔

## ۲۔ دلالۃ النص

اصولِ فقہ کی رو سے دلالۃ النص کی تعریف ہے:"فهي ما علم علة للحكم المنصوص عليه لغة لا اجتهادا ولا استنباطا"[۴۱] (جو حکم منصوص کی علّت کے طور پر معلوم ہو۔ یہ معلوم ہونا لغت سے ہی ہو نہ کہ اجتہاد و استنباط سے۔)

بسا اوقات ترجمۃ الباب کے قیام سے شارع کے مقصود حکم کی علّت کی جانب اشارہ کرتے ہوئے "دلالۃ النص" کی ایک خاموش تصریح فراہم کرتے ہیں۔

مثلاً محرم کے لیے سمندر کے شکار کی حلّت کا اثبات کرتے ہیں۔ مستدل روایت کا مضمون کچھ اس طرح ہے کہ حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ وغیرہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حج یا عمرے کے سفر پر روانہ ہوئے۔ دورانِ سفر انھیں ایک مکڑی نظر آئی، جسے وہ اپنے کوڑوں اور لاٹھیوں سے مارنے لگے، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: " كلوه فإنه من صيد البحر "(اسے کھاؤ یہ تو سمندر کا شکار ہے)[۴۲] یہ حدیث محرم کے لیے مکڑی کے شکار کے جائز ہونے کے اعتبار سے "عبارۃ النص" ہے اور اس کی علّت جواز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ، "فإنه من صيدالبحر" میں موجود ہے۔ جس کی عمومیت محرم کے لیے ہر قسم کے بحری شکار کے حلال ہونے کا تقاضا کر رہی ہے۔ لہٰذا امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ اسی عمومِ علّت پر عمل کو مد نظر رکھتے ہوئے حدیث الباب پر "باب ماجاء في صيد البحر للمحرم "(اس بیان میں کہ سمندر کا شکار محرم کو حلال ہے) کا عنوان لاتے ہیں۔

## ۳۔ اقتضاء النص

اصولِ فقہ میں اقتضاء النص سے مراد ہے:" هو زيادة على النص لا يتحقق معنى النص إلا به كأن النص اقتضاه ليصح في نفسه معناه."[۴۳] (اقتضاء النص سے مراد وہ حکم یا معنی ہے جو نص کے

---

۴۰۔ الشاشی، مرجع سابق، ۳۰۔

۴۱۔ الترمذی، مصدرِ سابق، أبواب الحج، باب ماجاء في صيدالبحر للمحرم، حدیث: ۸۵۰۔

۴۲ ۔ الشاشی، مرجع سابق، ۳۱۔

اصل الفاظ سے تو زائد ہو مگر نص کا معنی اس کے بغیر متحقق ہی نہ ہو سکے۔ گویا نص خود اپنے معنی کی صحت کے لیے اس کا تقاضا کر رہی ہے۔)

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کبھی ایسے مفہومِ حدیث کے ذریعے عنوانات ذکر کرتے ہیں، جو در حقیقت نص پر اضافہ ہوتا ہے اور اس اضافے سے وہ "اقتضاء النص" کی بحث کو متعارف کراتے ہیں:

۱۔ مثلاً یہ حکم اَخذ کرتے ہیں کہ مسِّ ذکر ناقصِ وضو نہیں ہے؛ کیوں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: "وهل هو إلا مضغة منه"[۴۴] (کہ وہ تو بدن کا ایک ٹکڑا ہے۔) اس روایت میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ذکر کو باقی اعضاے جسم کی مانند ایک عضو قرار دیا۔ اس تشبیہ کا تقاضا ہے کہ جس طرح دیگر اعضاے جسم کو چھونے سے وضو نہیں ٹوٹتا، اسی طرح مسِّ ذکر سے بھی نہیں ٹوٹے گا۔ اور اگر نص کا یہ تقاضا پورا نہ کیا جائے تو "مضغة منه" کے صحیح معنی متحقق نہیں ہو سکیں گے۔ سو اسی "اقتضاء النص" کے پیش نظر امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ روایت مذکورہ پر "باب ماجاء في ترک الوضوء من مس الذکر" (ذکر کو چھونے سے وضو نہ ٹوٹنے کے بیان میں) کا عنوان قائم کرتے ہیں۔

۲۔ پھر وضو کے لیے کُلی کرنے اور ناک صاف کرنے کا مسئلہ، "باب ماجاء في المضمضة والاستنشاق" (کلّی کرنے اور ناک میں پانی ڈالنے کے بیان میں) کے قیام سے مستخرج فرماتے ہیں۔ ترجمۃ الباب میں "الاستنشاق" کا لفظ لائے، جب کہ روایت الباب میں "إذا توضأت فانتثر" (جب وضو کرے تو ناک صاف کرے) کے الفاظ مذکور ہیں۔[۴۵] "استنشاق" اور "استنثار" کو بعض لوگ ہم معنی قرار دیتے ہیں جیسا کہ محمد عمیم الاحسان مجددی ان دونوں میں فرق روا رکھے بغیر لکھتے ہیں: "الاستنثار هو الاستنشاق أي جعل الماء في النثرة أي في الأنف"[۴۶] (استنثار، استنشاق کو کہتے ہیں یعنی ناک تک پانی لے جانا۔)

---

۴۳۔ الترمذی، مصدر سابق، أبواب الطهارة، باب ما جاء في ترک الوضوء من مس الذکر، رقم: ۸۵۔

۴۴۔ مصدرِ سابق، باب ماجاء في المضمضة والاستنشاق، رقم: ۲۷۔

۴۵۔ محمد عمیم الاحسان مجددی، قواعد الفقہ (کراچی: الصدف پبلشرز، ۱۴۰۷ھ)، ۱۷۵۔

بعض آراان دونوں الفاظ کو ممیّز کرتی ہیں کہ استنشاق سے مراد "إدخال الماء في الأنف" (ناک میں پانی داخل کرنا)، اور "استنثار" کا معنی "إخراج الماء من الأنف" (ناک سے پانی باہر نکالنا) ہے۔[۴۷] ان آرا کے تناظر میں امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کا رجحان دوسری رائے کی جانب راجح معلوم ہوتا ہے۔ جیسا کہ عنوان اور حدیث الباب کے الفاظ کی عدم مناسبت ان کے اِس رجحان کی تائید کرتی محسوس ہو رہی ہے؛ یعنی ان کے نزدیک یہ دونوں الفاظ ہم معنی نہیں ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے فرق کو عیاں کرنے اور الفاظِ حدیث کے تقاضے کو پورا کرنے کی غرض سے انھوں نے ترجمہ، حدیث الباب میں عدم مناسبت کا انتخاب کیا؛ کیوں کہ "استنثار" (جو کہ حدیث میں مذکور ہے) کے معنی اس وقت تک ثابت نہیں ہو سکتے جب تک "استنشاق" (الفاظِ ترجمہ) کا تقاضا پورا نہ کیا جائے۔

اس مقام پر قابل غور بات یہ ہے کہ امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ، حدیث مذکورہ پر "الأمر بالاستنثار" کا عنوان لاتے ہیں۔[۴۸] جب کہ امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے "استنشاق" کا لفظ منتخب کیا، جس سے فطری طور پر انسانی تخیّل متذکرہ بالا الفاظ کی غرابت کی معرفت کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور ان دونوں الفاظ کے مابین امتیاز سے آگہی کا خواہاں ہوتا ہے۔ اس طرح مؤلّف نے ترجمۃ الباب سے "اقتضاء النص" کی تصریح کے ساتھ ساتھ نہ صرف "غرائب الحدیث" کی طرف اشارہ فرمادیا، بلکہ معرفت "غرائب الحدیث" کے لیے ایک زینہ بھی فراہم کیا، جو فقہ الحدیث میں معاونت کے ساتھ ساتھ "علم درایۃ الحدیث" کی ایک شاخ / قسم "غریب الحدیث" کا ایک بلیغ تعارف پیش کر رہا ہے اور رہ نمائی فراہم کر رہا ہے کہ فنونِ حدیث سے واقفیت، فقہی معارفِ حدیث سے بہرہ وَر ہونے کے لیے ناگزیر ہے۔

## عنوانِ باب سے "حقیقتِ متعذرہ" کی صراحت

اصولِ فقہ کی رُو سے حقیقت کی مندرجہ ذیل اقسام ہیں: "الحقیقة أنواع ثلثة: متعذرة ومهجورة

---

۴۶۔ بنوری، **معارف**، ۱:۱۶۵؛ ابراہیم بن اسحاق الحزنی، **غریب الحدیث** (مكة المكرمة: جامعة أم القرٰی، ۱۴۰۵ھ)، ۱:۳۱۰؛ محمد بن ابراہیم خطابی، **غریب الحدیث** (بدون المدينة: دارالفکر، ۱۴۰۲ھ)، ۱:۱۳۵؛ محمود بن عمرو زمخشری، **الفائق في غريب الحديث** (لبنان: دار المعرفة)، ۲:۱۹۷۔

۴۷۔ النسائی، **سنن**، كتاب الطهارة، باب الأمر بالاستنثار، رقم: ۸۸۔

ومستعملة وفي القسمين الأولين يصار إلى المجاز بالاتفاق."[۴۹] (حقیقت کی تین اقسام ہیں۔ متعذرہ، مہجورہ، مستعملہ اور پہلی دونوں صورتوں کا حکم یہ ہے کہ ان سے بالاتفاق مجازی معنی مراد ہوں گے۔)

بعض اوقات استنباطِ مسائل میں امام موصوفؒ روایت الباب میں مذکور الفاظ کے مجازی معنی سے استفادہ کرتے ہوئے عنوان باب قائم کرتے ہیں۔ جس سے حدیث کے مرادی معنی میں معاونتِ فہم کی فراہمی کے ساتھ ساتھ "حقیقت متعذرہ" کی بحث مصرح/متعارف ہوتی ہے۔

مثلاً انھوں نے فضل طهور المرأة (عورت کی طہارت سے بچے ہوئے پانی) کے استعمال کی اباحت کا حکم اَخذ کیا اور اخذ حکم کے پیش نظر "باب ما جاء في كراهية فضل طهور المرأة" (عورت کی طہارت سے بچے ہوئے پانی کی کراہیت کے بیان میں) کے بعد "باب ماجاء في الرخصة في ذلک" (اس کے جائز ہونے کے بیان میں) کا ترجمہ ذکر کرتے ہوئے "الرخصة في ذٰلک" میں "ذٰلک" کا اشارہ ترجمۂ سابقہ (باب ما جاء في كراهية فضل طهور المرأة) کی طرف کیا۔ متدل روایت کا مضمون کچھ اس طرح سے ہے کہ نبی ﷺ کی کسی زوجہ نے ایک بڑے برتن سے غسل کیا۔ پھر نبی ﷺ نے اس برتن میں بچے ہوئے پانی سے غسل کرنا چاہا تو انھوں نے فرمایا: "إني كنت جنبا" (میں جنبی تھی)۔ اس پر نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا: "إن الماء لايجنب" (پانی تو جنبی نہیں ہوتا)۔[۵۰] اس روایت میں "إن الماء لايجنب" کے الفاظ "حقیقت متعذرہ" پر دلالت کرتے ہیں؛ کیوں کہ پانی کا جنبی ہونا ایک ناممکن حقیقت ہے اور چوں کہ نظام الدین شاشی کے بہ قول، "حقیقت متعذرہ" سے بالاتفاق مجازی معنی مراد لیے جاتے ہیں،[۵۱] اس لیے الفاظِ مذکورہ کا مطلب یہ لیا جائے گا کہ غسل جنابت کے بعد بچنے والا پانی نجس یا ناپاک نہیں ہوتا۔ غالباً اسی توضیح کو مد نظر رکھتے ہوئے امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے عورت کی طہارت سے بچے ہوئے پانی کے استعمال کی رخصت کو ثابت کیا اور مزید صراحت کے لیے اگلا باب "باب ما جاء أن الماء لاينجسه شيء" (اس بیان میں کہ پانی کو کوئی چیز نجس نہیں کرتی) کے الفاظ سے قائم کیا۔

---

۴۸- نظام الدین شاشی، **اصول الشاشی مع أحسن الحواشی**، ۱۶۔

۴۹- الترمذی، مصدرِ سابق، أبواب الطهارة، باب ماجاء في الرخصة في ذلک، رقم:۶۵۔

۵۰- الشاشی، مرجع سابق، ۱۶۔

# قیامِ ترجمۃ الباب سے ”حسن لنفسه قبيح لغيره“ کی فقہی بحث کا تعارف

اصولِ فقہ کی کتابوں میں ایک بحث حسن لنفسہ اور قبیح لغیرہ کی آتی ہے۔ اصول الشاشی میں اس سے متعلق یوں تصریح درج ہے:

النهي نوعان: نهي عن الأفعال الحسية كالزنا وشرب الخمر والكذب والظلم ونهي عن التصرفات الشرعية كالنهي عن الصوم في يوم النحر والصلوة في الأوقات المكروهة--- وحكم النوع الثاني أن يكون المنهي عنه غير ما أضيف إليه النهي فيكون هو حسنا بنفسه قبيحا لغيره ويكون المباشر مرتكبا للحرام لغيره لا لنفسه.[۵۲]

(نہی کی دو اقسام ہیں: حسّی افعال میں نہی، مثلاً زنا کرنا، شراب نوشی، جھوٹ بولنے اور ظلم کرنے سے منع کرنا۔ شرعی تصرفات میں نہی، مثلاً یوم نحر میں روزے سے روکنا، مکروہ اوقات میں نماز سے روکنا۔۔۔ اور دوسری قسم کا حکم یہ ہے کہ منہی عنہ (جس چیز سے روکا گیا) اس سے مختلف ہو جس کی طرف نہی منسوب کی گئی ہے۔ لہٰذا وہ فعل بذاتہ تو حسن ہو گا، لیکن دوسرے سبب کی بنا پر وہ قبیح متصور ہو گا اور اس کا فاعل اس بنا پر حرام کا مرتکب ہو گا، کیوں کہ اس میں نہی فی نفسہٖ تو موجود نہیں بلکہ اس کا ایک سبب ہے۔)

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کبھی بذریعہ عنوانِ باب کسی ایسے فعل کی ممانعت ثابت کرتے ہیں جو بنفسہٖ تو جائز، حسن اور مشروع ہو، لیکن کسی مانع / سبب کی وجہ سے اس کے ارتکاب کی ممانعت آئی ہو۔ اثباتِ نہی کے اس اسلوب سے قارئین کو اصولِ فقہ کی بحث، ”حسن بنفسہٖ قبیح لغیرہٖ“ کا ایک تعارفی مطالعہ ملتا ہے۔

اس اسلوبِ ترجمہ کی مثال ابواب الطہارۃ میں ملتی ہے جس میں مؤلّف بذریعہ حدیث، جنبی اور حائض کے لیے قراءت قرآن کی ممانعت کا حکم مستنبط کرنے کی غرض سے ”باب ما جاء في الجنب والحائض أنهما لايقرآن القرآن“ (اس بیان میں کہ جنب اور حائضہ قرآن نہ پڑھے) کا عنوان ذکر کرتے ہیں۔[۵۳] قراءت قرآن کا عمل بذاتہٖ تو مشروع اور حسن ہے (حسن بنفسہٖ)، لیکن عوارض / حدیث سے ثابت شدہ اسباب (حالت جنابت، حالت حیض) کی بنا پر یہ عمل قبیح متصور ہو گا (قبیح لغیرہٖ) اور اس کا ارتکاب موجب گناہ ٹھہرے گا۔ اسی بنا پر انھوں نے اس حکمِ نہی کو ثابت کیا، لیکن جب یہ اسباب باقی نہیں رہیں گے تو قراءتِ قرآن بھی مشروع

۵۱- مرجع سابق، ۴۶۔

۵۲- الترمذی، مصدرِ سابق، أبواب الطهارة، باب ماجاء في الجنب والحائض أنهما لايقرأن القرآن، رقم: ۱۳۱۔

اور جائز ہو گی، کیوں کہ یہ فعل بنفسہٖ حسن ہے، اس کی ممانعت ذاتی نہیں ہے۔

## قیامِ عنوانات کے ذریعے "بیانِ تغییر" کا تعارفی مطالعہ

اصول میں ایک بحث بیانِ تغییر کی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ:"أن یتغیر ببیانه معنی کلامه ونظیره التعلیق والاستثناء"[۵۳] ( بیانِ تغییر کا مطلب یہ ہے کہ متکلم کے بیان سے اس کے کلام کا معنی متغیر ہو جائے اور اس کی نظیر تعلیق(معلّق کرنا،کوئی شرط لگانا،کسی اور چیز پر منحصر کر دینا) اور استثنا ہے۔یعنی کلام میں ایک چیز کو دوسری چیز سے معلّق کر دینا یا پہلی بات یا لفظ سے استثنا کرنا۔)

امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ احادیثِ احکام کے ظاہری معنی میں بذریعہ متکلم ہونے والی تبدیلی کی بنا پر عنواناتِ ابواب قائم کرتے ہوئے "بیانِ تغییر" کی فقہی بحث کی طرف توجہ دلاتے ہیں۔

۱۔ مثال کے طور پر ابواب الجمعۃ میں روزِ جمعہ قیلولہ کرنے کا جواز ثابت کرتے ہیں۔ روایت مستدل میں "ولانقیل" (نبی صلی اللہ علیہ وسلم قیلولہ نہیں کرتے تھے) کے الفاظ سے حکم علی الاطلاق (یعنی وہ حکم جو قید اور تخصیص سے ماورا ہو) کا اثبات ہوتا ہے، لیکن اس اطلاق کو مذکورہ جملہ کے بعد آنے والے الفاظ،"إلا بعد الجمعة" (سوائے جمعہ کے بعد) نے مقید و مخصوص کر دیا۔[۵۵] یعنی 'جمعہ کے بعد' قیلولہ کی ممانعت کا حکم جاری نہیں ہو گا اور اسی تقیید و تخصیص کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ عنوان قائم کیا: "باب ماجاء في القائلة یوم الجمعة" (جمعہ کے دن قیلولہ کرنے کے بیان میں)۔

۲۔ ابواب الصوم میں، صائم کے لیے مبالغۂ استنشاق (ناک میں پانی پہنچانے) کی کراہیت کا مسئلہ مستخرج کرتے ہیں۔ الفاظِ حدیث یہ ہیں: "أسبغ الوضوء وخلل بین الأصابع وبالغ في الاستنشاق إلا أن تکون صائمًا." [۵۶] (وضو کو اچھی طرح کیا کرو۔ ہاتھوں پیروں کی انگلیوں

---

۵۳۔ الشاشی، مرجع سابق، ۶۷۔

۵۴۔ الترمذی، مصدرِ سابق، أبواب الجمعة، باب ماجاء في القائلة یوم الجمعة، رقم:۵۲۵۔

۵۵۔ الترمذی، مصدرِ سابق، أبواب الصوم، باب ما جاء في کراهیة مبالغة الاستنشاق للصائم، رقم:۷۸۸۔

میں خلال کرو۔ اور ناک میں پانی پہنچاؤ سوائے حالت صوم کے۔) نبی ﷺ نے حدیثِ مذکورہ میں ناک میں پانی پہنچانے سے متعلق جو حکم دیا وہ ابتدا میں (استثنا سے پہلے) کسی بھی قید و تخصیص سے ماورا ہے، لیکن پھر آپ ﷺ نے صائم / حالت صوم کو بہ ذریعۂ اِلّا استثنائیہ اس حکم سے الگ کرتے ہوئے ابتدائے کلام کے معنی تبدیل کر دیے۔ سو صائم پر مبالغۂ استنشاق کا حکم جاری نہیں ہو گا اور تبدّلِ کلام کی اسی توضیح کے پیشِ نظر امام موصوفؒ نے روایت مذکورہ پر "باب ما جاء في كراهية مبالغة الاستنشاق للصائم" (اس بیان میں کہ صائم کو مبالغۂ استنشاق مکروہ ہے) کا عنوان تحریر کیا۔ مذکورہ بالا دونوں امثلہ میں مؤلّف کا اسلوبِ تراجم "بیانِ تغییر" کی صورت، "استثناء" (الاّ) کو واضح کرتا ہے۔

۳۔ اسی طرح ابواب الحج میں امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے حاجی کے لیے موقوفِ تلبیہ کے وقت کا مسئلہ مستنبط کیا۔ روایت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ میں "فلم يزل يلبي حتى رمى جمرة العقبة" (آپ ﷺ جمرہ عقبہ کو کنکریاں مارنے تک برابر لبیک پکارتے رہے)(۵۶) کا جملہ ظاہر کر رہا ہے کہ تلبیہ جاری رکھنے کا حکم جمرہ عقبہ کو کنکریاں مارنے کی شرط کے ساتھ معلّق کر دیا گیا ہے اور شرط پوری ہونے کے ساتھ ہی تلبیہ کا حکم باقی نہیں رہے گا۔ تعلیق کی اس صورت کے ذریعے ہی صاحب سنن نے اس روایت پر "باب ماجاء متى يقطع التلبية في الحج" (اس بیان میں کہ لبیک پکارنا حج میں کب موقوف کرے) کا عنوان قائم کرتے ہوئے یہ حکم ثابت کیا کہ رمی جمرہ عقبہ سے فراغت پا لینے کے بعد حاجی تلبیہ کو موقوف کر دے۔

اس مثال کے ذریعے "بیانِ تغییر" کی دوسری صورت، "تعلیق" (حتی) کی تصریح سامنے آتی ہے۔

## عنوانِ باب سے "بیانِ تقریر" کی تصریح

اصولِ فقہ میں بیان کی ایک قسم بیانِ تقریر ہے۔ اس کی تعریف یوں ہے: "فهو أن يكون معنى

---

۵۶۔ الترمذی، مصدرِ سابق، أبواب الحج، باب ماجاء متى يقطع التلبية في الحج، رقم:۹۱۸۔

اللفظ ظاهرًا لکنه یحتمل غیره فبین المراد بما هو الظاهر فیتقرر حکم الظاهر ببیانه."[۵۸]

(بیانِ تقریر سے مراد یہ ہے کہ لفظ کا معنی تو صاف ظاہر ہے لیکن اس سے کسی دوسرے معنی کا بھی احتمال ہو۔ پس متکلم اس ظاہری معنی کی مراد کھول کر بیان کر دے اور اس طرح اس کی وضاحت سے ظاہر کا حکم مقرر و مؤکد ہو جائے اور دوسرا احتمال جاتا رہے۔)

بعض اوقات امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ اس "بیانِ تقریر" کی صراحت و تعارف پیش کرنے کی غرض سے قیامِ ترجمہ کا اہتمام کرتے معلوم ہوتے ہیں۔ اور اُن کا یہ اسلوب فہمِ مسئلہ میں متوقع ابہام کو بھی دور کر دیتا ہے۔ مثال کے طور پر انھوں نے سر کے مسح کے لیے تازہ پانی استعمال کرنے کا حکم مستخرج کیا ہے۔ حدیث مستدل کے راوی (حضرت عبد اللہ بن زید رضی اللہ عنہ) فرماتے ہیں کہ انھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کرتے دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی کے ساتھ سر کا مسح کیا۔ الفاظ راوی، "إنه مسح رأسه بماء"[۵۹] میں لفظ "ماء" مطلق ہے جس میں استعمال شدہ اور غیر استعمال شدہ، دونوں اقسام کے پانی کا احتمال موجود ہے، لیکن حضرت عبد اللہ بن زید رضی اللہ عنہ نے جملۂ مذکورہ کے بعد "غیر فضل یدیه" (ان کے دونوں ہاتھوں سے بچنے والے پانی کے علاوہ)[۶۰] کے ذریعے یہ وضاحت فرما دی کہ یہاں "ماء" سے مراد "ماء غیر مستعملہ"، یعنی غیر استعمال شدہ پانی ہے۔ شارحین "سنن" بھی "بماء غیر فضل یدیه" کی تشریح "ماء جدید" سے کرتے ہیں۔[۶۱] اس سے معلوم ہوا کہ راوی نے اپنی تفسیر و وضاحت (غیر فضل یدیہ) سے "مسح رأسه بماء" کے بیان کو مستحکم و مضبوط کیا۔ اس تفسیر و وضاحت کو فقہی اصطلاح میں "بیانِ تقریر" کہا جائے گا، جس کو مصرح کرنے کی غرض سے امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے "باب ما جاء أنه یأخذ لرأسه ماءً جدیدًا" (اس بیان میں کہ سر کے مسح کے لیے تازہ پانی لے) قائم کرتے ہوئے، مسح رأس بماء جدید کا حکم ثابت کیا۔

---

۵۷ – الشاشی، مرجع سابق، ۶۷۔

۵۸ – الترمذی، مصدرِ سابق، أبواب الطهارة، باب ماجاء أنه یأخذ لرأسه ماء جدیدا، رقم: ۳۵۔

۵۹ – مصدرِ سابق۔

۶۰ – مبارک پوری، **تحفة الأحوذی**، ۱: ۱۱۵؛ بنوری، **معارف**، ۱: ۱۸۰۔

## اندراجِ مستدلات سے تعارفِ "اجماع"

علماءِ اصول کی اصطلاح میں اجماع سے مراد یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد کسی زمانے میں امّت کے تمام اہلِ علم کسی عملی مسئلے کے شرعی حکم پر متفق ہو جائیں۔ (۶۲)

امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ اپنی تالیف میں بعض مقامات پر اخذِ احکامات کے سلسلے میں احادیث احکام کے بیان کے بعد مسئلہ ثابت بالحدیث سے متعلق "اجماع صحابہؓ، تابعینؒ ومابعد التابعینؒ" کا ذکر کرتے ہیں۔ جس سے ماخذِ فقہِ اسلامی، "اجماع" کی بحث اخذ ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر انھوں نے ثابت کیا کہ عورتوں کے لیے مدّت نفاس چالیس روز ہے اور استدلال کے پیش نظر اس روایت کو تحریر کیا: "عن أم سلمة قالت: كانت النفساء تجلس على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم أربعين يومًا" (۶۳) (حضرت ام سلمٰی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں نفاس والی عورتیں چالیس روز تک بیٹھی رہتی تھیں۔)

بیانِ روایت کے بعد امام موصوف رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ علماے صحابہؓ، تابعینؒ ومابعد التابعینؒ کا اجماع اسی بات پر ہے کہ نفاس والی عورتیں چالیس یوم تک نماز چھوڑ دیں اور چالیس روز کے بعد خون بند نہ ہونے کی صورت میں غسل کرکے نماز ادا کریں۔ سفیان ثوری، ابن مبارک، امام شافعی، امام احمد و اسحاق رحمۃ اللہ علیہم اور اکثر فقہا کا بھی یہی قول ہے؛ جب کہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے خون جاری رہنے کی صورت میں پچاس دن اور عطا بن ابی رباحؒ، شعبیؒ سے ساٹھ دن تک نماز نہ پڑھنے کی روایت موجود ہے۔ (۶۴) امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے مدّتِ نفاس کی اکثریت کے حوالے سے مختلف آرا کا ذکر کیا، مگر ان کا طرزِ استنباط اس جانب صریح اور واضح ہے کہ ان کی اپنی رائے چالیس روز کی ہی ہے، جیسا کہ "أربعين يوما" کے حوالے سے ان کی متدل روایت اور اس کی تائید میں "اجماعِ فقہاے اُمت" کا بیان ان کے اسی رجحان پر دلالت کرتا ہے۔

---

۶۱۔ محمد عاصم الحداد، **اصول فقہ پر ایک نظر** (لاہور: اسلامک پبلشنگ ہاؤس، س ن)، ۱۰۷۔

۶۲۔ الترمذی، مصدرِ سابق، أبواب الطهارة، باب ماجاء في كم تمكث النفساء، رقم: ۱۳۹۔

۶۳۔ مصدرِ سابق۔

## عنوان قائم کر کے ماخذِ فقہِ اسلامی، "قیاس" کا تعارف

اصولِ فقہ میں "علّت کو مدار بنا کر سابقہ فیصلہ اور نظیر کی روشنی میں نئے مسائل حل کرنے کو قیاس کہتے ہیں۔"[۶۵] امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کبھی استنباط مسائل کی غرض سے ترجمۃ الباب کا قیام حدیث الباب میں مذکور فقہی حکم کی علّت کو مدار بنا کر کرتے ہیں، جس سے فقہ اسلامی کے ماخذ، "قیاس" کا لطیف تعارف اخذ ہوتا ہے۔ جیسے انھوں نے مسئلہ ثابت کیا، کہ جن جانوروں کا گوشت کھانا حلال ہے، ان کے پیشاب بھی طاہر ہیں۔ مستدل حدیث میں محض بول ابل (اونٹ کے پیشاب) کو پینے کا حکم مذکور ہے،[۶۶] جو کہ اس کی طہارت پر دلیل ہے، جب کہ امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث پر "باب ما جاء في بول ما يؤكل لحمه" (جس جانور کا گوشت کھایا جاتا ہے اس کے پیشاب کے بیان میں) کا عنوان تحریر کیا۔ اس ترجمۃ الباب میں "مايؤكل لحمه" کے الفاظ اس طرف اشارہ کر رہے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے "اشربوا من ألبانها وأبوالها" (اونٹوں کا دودھ اور پیشاب پیو۔)[۶۷] کے فرمان سے اونٹوں کے پیشاب کو پینے کا حکم اُن کے حلال ہونے کی بنا پر دیا اور اِسی علّت (حلال ہونا) کو مدار بنا کر مؤلّف نے یہ حکم اَخذ کیا کہ جس طرح اونٹوں کے پیشاب کی طہارت، ان کے حلال ہونے کی بنا پر ثابت ہو رہی ہے، اسی طرح وہ تمام جانور جن کا گوشت کھانا حلال ہے، ان کے ابوال بھی طاہر ہیں اور یہی نہیں بلکہ اپنے اثبات کو تقویت دینے کے ارادے سے وہ اکثر فقہا کا بھی یہی مؤقف تحریر کرتے ہیں کہ اُن کے نزدیک بھی اُن جانوروں کے ابوال طاہر ہیں جن کا گوشت کھانا حلال ہے۔[۶۸]

## اخذِ احکام میں "مقاصد الشریعۃ" کا تعارف

علامہ شاطبی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک شریعت کے وضع کرنے کا مقصد دنیاوی واخروی مصالح کا حصول ہے[۶۹]

---

۶۴- محمد تقی امینی، **فقہ اسلامی کا تاریخی پس منظر** (کراچی: قدیمی کتب خانہ، س ن)، ۱۲۴۔

۶۵- الترمذی، مصدر سابق، باب ما جاء في بول مايؤكل لحمه، رقم: ۷۲۔

۶۶- مصدرِ سابق۔

۶۷ - مصدرِ سابق۔

۶۸- ابراہیم بن موسیٰ شاطبی، **الموافقات في أصول الشريعة** (بیروت: دار المعرفة، ۱۴۱۶ھ)، ۲: ۳۵۰۔

اور اس مقصدِ شریعت کو وہ تین اجزامیں تقسیم کرتے ہیں، "ضروریات"، "حاجیات" اور "تحسینیات"[۷۰] پھر ضروریات کی تفصیل بیان کرتے ہیں کہ ان سے مراد پانچ چیزیں ہیں جن کا تحفظ شریعت کے مقاصد میں سے ہے، "حفظ دین"، "حفظِ نفس"، "حفظِ نسل"، "حفظِ مال"، "حفظِ عقل"۔[۷۱] شریعت کے احکام ومسائل پر غور کیا جائے تو معلوم ہو گا کہ وہ ان پانچ چیزوں کے گرد ہی گردش کرتے ہیں۔ امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ بھی استنباطِ احکام میں شریعت کے "اوصافِ ضروریہ" میں سے "حفظِ نفس" کی اہمیت کو مد نظر رکھ کر ترجمۃ الباب قائم کرتے ہیں، جس سے "مقاصد الشریعۃ" کی بحث متعارف ہوتی ہے۔

مثال کے طور پر حسب ذیل روایت سے یہ حکم اَخذ کیا کہ جن جانوروں کا گوشت کھایا جاتا ہے، ان کے ابوال طاہر ہیں: "عن أنس: أن أناسا من عرينة قدموا المدينة فاجتووها، فبعثهم رسول الله صلى الله عليه وسلم في إبل الصدقة، وقال: "اشربوا من ألبانها وأبوالها."[۷۲] (حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ قبیلہ عرینہ کے چندلوگ مدینہ میں آئے۔ اُن کو مدینہ کا پانی ناموافق لگا، سو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کو زکوٰۃ کے اونٹوں کی طرف بھیجا اور فرمایا ان کا دودھ اور پیشاب پیو۔)

مولانا محمد تقی عثمانی حدیث الباب میں مذکور "فاجتووها" کی شرح بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اس سے مراد مرض الجواء ہے، جسے استسقا بھی کہا جاتا ہے اور یہ پیٹ کی بیماری ہے جس میں پیٹ پھول جاتا ہے اور شدید پیاس لگتی ہے۔ بعض لوگوں نے اس کا معنی ناموافق آب وہوا بیان کیا ہے کہ ان لوگوں نے مدینہ کی آب وہوا کو ناموافق پایا۔ اور یہی معنی راجح ہیں۔[۷۳] لیکن صاحب **معارف السنن**، ابن حزم کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ یقینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا امر اس بیماری کے لیے بہ طور دوا تھا جو انھیں لاحق تھی؛ کیوں کہ ان کی جسمانی صحت اسی سے ممکن تھی اور بہ طور دوا اونٹوں کے پیشاب کا پینا ضرورت کے تحت تھا۔ جیسا کہ اللہ عزوجل نے فرمایا: "إلا ما

---

۶۹۔ نفس مرجع، ۲: ۳۲۴۔

۷۰۔ نفس مرجع سابق، ۲: ۳۲۶؛ عبدالکریم زیدان، **الوجيز في أصول الفقه** (لاہور: دار الكتب السلفية، ۱۴۲۵ھ)، ۳۷۹۔

۷۱۔ الترمذی، مصدر سابق، أبواب الطهارة، باب ما جاء في بول مايؤكل لحمه، رقم: ۷۲۔

۷۲۔ محمد تقی عثمانی، **درسِ ترمذی**، مرتب: مولانا رشید اشرف سیفی (کراچی: مکتبہ دارالعلوم، ۱۴۳۲ھ)، ۱: ۳۰۲۔

اضطررتم إليه" [۷۴] اسی طرح علامہ محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ نے ابن سینا کی کتاب **القانون في الطب** کے حوالے سے فرمایا کہ استسقا کی بیماری میں اونٹ کا دودھ فائدہ مند ہے اور بعض اطبا کے نزدیک ان کے ابوال کا ناک میں داخل کرنا (سونگھنا) بھی نفع بخش ہے۔[۷۵] حدیث الباب کے تناظر میں معلوم ہوتا ہے کہ "فاجتووھا" سے مراد مرض الجواء ہی ہے، جس کے لیے بہ طور علاج بول ابل کو پینے کا حکم دیا گیا۔ ابن حزم کا استدلال سورۃ الانعام کی درج ذیل آیت مبارکہ سے ہے: ﴿فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ﴾ [۷۶] (حالاں کہ جن چیزوں کا استعمال حالت اضطرار کے سوا دوسری تمام حالتوں میں اللہ نے حرام کر دیا ہے، اُن کی تفصیل وہ تمھیں بتا چکا ہے۔)[۷۷]

اس آیت کے تناظر میں ان کا موقف یہ ہے کہ جس طرح قرآن میں اللہ رب العزت نے حالت اضطرار میں محرمات کا استعمال جائز قرار دیا ہے۔ اسی طرح حدیث الباب میں مذکور لوگوں کے لیے بھی بول ابل کو پینے کا حکم بحالت مجبوری، بہ طور دوا تھا۔ امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کا اثبات بھی اسی توجیہ سے مستفاد معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے "حفظِ نفس" کے اہتمام کو ملحوظ رکھتے ہوئے مستدل روایت کے لیے "باب ما جاء في بول مايؤكل لحمه" کا عنوان تجویز کیا۔ یعنی اگر کوئی شخص اس قدر مفلوک الحال اور بیمار ہو جائے کہ شدت بیماری سے اس کی جان تلف ہو جانے کا اندیشہ ہو اور ایسی حالت اضطرار میں جن جانوروں کا گوشت حلال ہے، ان کے پیشاب پینے سے اس کی صحت وزندگی ممکن نظر آئے تو ان کا استعمال جائز ہو گا۔

امام موصوف رحمۃ اللہ علیہ کا یہ اثبات واستنباط اس جانب بھی صریح اشارہ ہے کہ ایک فقیہہ کو فقہی مہارت کے حصول کو یقینی بنانے، اپنے فہم و تدبر کے بند دروازوں کو منفتح کرنے اور فقہی میدانِ علم کو نت نئے مباحث سے آراستہ کرنے کے لیے قواعدِ فقہ کا وسیع علم بھی درکار اور ناگزیر ہے۔ جیسا کہ اُن کا اثبات درج ذیل کلیے کی روشنی

---

۷۳- القرآن،٦::۱۱۹۔

۷۴- البنوری، **معارف**، ۱: ۲۷۴۔

۷۵- القرآن،٦: ۱۱۹۔

۷٦- مودودی، *تفہیم*، ۱: ۵۷٦۔

اپنے اندر سموئے ہوئے ہے: "الضرورات تبيح المحظورات."[۷۸] (ضرورتیں ممنوعات کو مباح کر دیتی ہیں۔)

اس کے علاوہ مؤلّف نے یہ ثابت کیا کہ اسلامی اجتہاد کا دائرہ وسیع ہے؛ کیوں کہ شریعت کا اصل مقصد مصالح کا حصول ہے اور اگر "مقاصد الشریعۃ" کی حفاظت میں نصوص شرعی کی لفظی پابندی سے کسی قدر انحراف ہو جائے تو اس میں کچھ مضائقہ نہیں، بہ شرطے کہ عوام کے مصالح کا حصول یقینی ہو۔

## اثباتِ احکام میں "استحسان بالنص" کی توضیح

بعض اوقات "استحسان" میں "قیاسِ جلی" کے مقابلے میں "قیاسِ خفی" نہیں ہوتا بلکہ کتاب وسنت کی کوئی نص، اجماع یا ضرورت ہوتی ہے۔ ان تینوں صورتوں میں بھی "استحسان" کا لفظ ہی مستعمل ہے۔ جیسا کہ عبدالعزیز بخاری "استحسان" کی تعریف کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "وكذا الاستحسان الثابت بالنص والإجماع والضرورة."[۷۹] (اور اسی طرح استحسان، نص، اجماع، ضرورت سے بھی ثابت ہوتا ہے۔)

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ بھی فقہی مسائل کے استخراج میں "قیاسِ جلی" کے مقابلے میں "نصِ حدیث" کو مقدم رکھتے ہوئے "استحسان بالنص" کی تصریح پیش کرتے ہیں۔

مثلاً انھوں نے یہ حکم اَخذ کیا کہ بھول کر کھانے پینے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا۔ قیاسِ ظاہر کے مطابق بھول کر کھانے پینے کے باوجود روزہ فاسد ہو جاتا ہے، کیوں کہ صوم کے مفہوم میں طلوعِ آفتاب سے لے کر غروب آفتاب تک کھانے پینے سے اجتناب شامل ہے، مگر اِس قیاس کے مقابلے میں رسول اللہ ﷺ کی یہ حدیث موجود ہے: "عن أبي هريرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "من أكل أوشرب ناسيا فلايفطرفإنما هورزق رَزَقَهُ الله."[۸۰] (حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ انھوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص روزے میں بھولے سے کھا پی لے تو روزہ نہ توڑے۔ اس لیے کہ اُس نے جو کھایا پیا وہ

---

۷۷۔ زین الدین بن ابراہیم ابن نجیم، **الأشباه والنظائر في الفقه الحنفي** (کراچی: قدیمی کتب خانہ، س ن)، ۱۲۷۔

۷۸۔ عبدالعزیز بخاری، **كشف الأسرار على أصول فخرالإسلام البزدوي** (کراچی: الصدف پبلشرز)، ۴: ۲۔

۷۹۔ الترمذی، مصدرِ سابق، أبواب الصوم، باب ما جاء في الصائم يأكل أويشرب ناسيًا، رقم: ۷۲۱۔

اللہ کا دیا رزق ہے۔)

لہٰذا امام موصوف رحمۃ اللہ علیہ نے بھی "قیاسِ جلی" کے بر خلاف آں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث مبارکہ سے یہ حکم مستخرج فرمایا کہ بھول کر کھا پی لینے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا۔

## خلاصۂ بحث

ابن العربیؒ نے **جامع ترمذی** کے مباحث سے حدیث و فقہ کے حوالے سے چودہ(۱۴) علوم اَخذ کیے، جب کہ علامہ غلام رسول سعیدی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی تعداد چوبیس (۲۴) تک پہنچا کر یہ تصریح کی کہ اسے "جامع" کے علوم کا آخری ہندسہ قرار نہیں دیا جا سکتا۔ سو قیامِ تراجم ابواب اور اندراج مستدلات سے امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کی جو فقہی بصیرت عیاں ہوتی ہے، اس سے علمِ اصولِ فقہ سے متعلق مزید تیرہ(۱۳) موضوعات، [خاص و عام، مطلق و مقید، مجمل و مفسر، ظاہر و نص، متعلقات النصوص (عبارۃ النص، دلالۃ النص، اقتضاء النص)، حقیقت متعذرہ، فعل حسن بنفسہٖ قبیح لغیرہٖ، بیانِ تغییر، بیانِ تقریر، اجماع، قیاس، مقاصد الشریعۃ، استحسان بالنص] اخذ ہوتے ہیں۔ یہ تمام موضوعات اپنی اپنی جگہ منفرد و مسلّم ہیں، جن کا تعارف نہ صرف استخراجِ احکام میں امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کے "علمِ اصولِ فقہ" سے استفادہ کو پیش کرتا ہے، بلکہ اس بات کی بیّن دلیل بھی فراہم کرتا ہے کہ یہ تالیف حدیث و فقہ سے شغف رکھنے والوں کے لیے ایک ایسے سمندر کی مانند ہے کہ جس کی گہرائی میں اُتر کر ہر غوطہ زن وہ موتی تلاش کرنے کا اہل ہو سکتا ہے جو اُس سے پہلے کوئی سامنے نہ لایا ہو۔

## تجاویز

۱۔ اس تحقیقی مقالے کے ذریعے جامع ترمذی میں محض "أبواب الطهارة تا أبواب الجنائز" کے تناظر میں امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کے علمِ اصولِ فقہ سے استفادہ کو پیش کیا گیا ہے۔ لہٰذا اس تالیف کے دیگر اجزا میں مذکور فقہی مباحث میں سے بھی ممکنہ فقہی موضوعات کو اخذ کرنے کی غرض سے تحقیقی کاوش ناگزیر ہے۔

۲۔ امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کی **جامع** کو متعدد علومِ حدیث و فقہ کا منبع و ماخذ کہا گیا ہے۔ اس ضمن میں جس طرح علمِ اصولِ حدیث کے حوالے سے امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمات کو بہاؤ الدین زکریا یونی ورسٹی، ملتان میں ایم۔اے کی سطح پر از روے تحقیق پیش کیا گیا ہے، اسی طرح "امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کا علمِ اصولِ فقہ میں ایک حصہ: جامع ترمذی میں علمِ اصولِ فقہ کا تعارفی مطالعہ" جیسے عنوانات کو ایم۔ایس / ایم۔فل کی سطح

پر بحیثیت عنوانِ تحقیق منتخب / تجویز کیا جا سکتا ہے۔

# List of Sources in Roman Script


- Al-Quran
- Al-Hameeri, Nashwan-Bin-Saeed, Shams-ul-Uloom Wadwa Klam-al-Arab Minal Kuloom, Bairoot: Darul Fiker, 1420 Hijri.
- Al-Haddad, Muhammad Asim, Usool-e-Fiqh Par Aik Nazar, Lahore: Islamic Publishing House, Bidoonil Tareekh.
- Al-Hazni, Ibrahim Bin Ishaq, Ghareeb-ul-Hadees, Makkah: Jamia Ummul Qura, 1405 Hijri.
- Al-Azhari, Muhammad Bin Ahmad, Tahzeeb-ul-Lughat, Bairoot: Dar Aahya-al-Turas-ul-Arabi, 2001.
- Banori, Muhammad Yousaf, Sayyad, Ma'arif-ul-Sunnan, Shrah Jame Tirmzi, Karachi:H.M Saeed Company, Bidoonil Tareekh.
- Bukhari, Imam, Sahi Bukhari, Bidoonil Madinah: Dar-al-Toq, Al-Njah, 1422 Hirji.
- Bukhari, Abdul Aziz, Kashf-ul-Asraar Ala Usooli Fakhar-al-Islam Al-Bazdavi, Karachi: Al-Sadaf Publishes, Bidoonil Tareekh.
- Ibn-e-Maja, Imam, Sunan, Bidoonil Madinah: Dar Ahya al-Kutub, Al-Arabiyah, Bidoonil Tareekh.
- Ibn-e-Manzoor, Muhammad Bin Mukarram, Abdul Fazal, Lisan-ul-Arab, Bairoot: Dar Sadir, 1411 Hijri.
- Ibn-e-Nujaim, Zain-ul-Deen bin Ibrahim, Al-Ishbah Wanazair Filfiqh Al-Hanafi, Karachi: Qadeemi Kutab Khana, Bidoonil Tareekh.
- Kashmiri, Anwar Shah, Al'arf-al-Shuzi Sharah Sunan al-Tirmzi, Bairoot: Dar Ahya al-Turas al-Arabi, 1425 Hijri.
- Khitabi, Muhammad Bin Ibrahim, Ghareeb-ul-Hadees, Makkah: Darul Fiker, 1402 Hijri.
- Modudi, Abul Aala, Sayyad, Tafheem-ul-Quran, Lahore:

Army Education Press, 1999.

- Mubarik Puri, Abdul Rehman, Tohfatul Ahwazi Bisharah Jame Tirmzi, Bairoot: Dar-ul-Kutub al-Ilmiyah, Bidoonil Tareekh.
- Mujaddadi, Muhammad Ameen Al-Ehsan, Qwaid-al-Fiqah, Karachi: Al-Sadaf Publishers, 1407 Hijri.
- Nisai, Imam, Sunan, Halb: Maktab Al-Matbua'at-ul-Islamia, 1406 Hijri.
- Shashi, Nizam-ul-Deen, Allama, Usool-e-Shashi M'aa Ahsan-ul-Hwashi, Multan: Farooqi Kutab Khana, Bidoonil Tareekh.
- Shokani, Muhammad Bin Ali, Irshad-ul-Fahool Ila Tahqeeq Al'Haq Min Ilmil Usool, Bidoonil Madina: Dar Al-Kitab Al-Arabi, 1419 Hijri.
- Srakhsi, Allama, Usool-al-Srakhsi, Bairoot: Darul Kitab Al-Ilmiyah, 1414 Hijri.
- Shatbi, Ibrahim Bin Moosa, Imam, Almwafqat Fi Usool Al-Shareah, Bairoot: Dar-ul-Marifah, 1416 Hirji.
- Tirmzi, Abi Eesa, Muhammad Bin Eesa, Imam, Jame Tirmzi, Al-Riyaz: Dar-ul-Salam, Bidoonil Tareekh.
- Taqi Ameeni, Muhammad, Molana, Fiqa-e-Islami Ka Tareekhi Pas Manzar, Karachi: Qadeemi Kutab Khana, Bidoonil Tareekh.
- Taqi, Usmani, Muhammad, Molana, Dars-e-Trizmi, Murattab, Rasheed Ashraf Saifi, Karachi: Maktaba Dar-ul-Uloom, 1432 Hijri.
- Zamhashri, Mehmood Bin Amr, Al-Faiq Fi Ghreeb-il-Hadees, Labnan: Dar-ul-Marifah, Bidoonil Tareekh.
- Zaidan, Abdul Kareem, Al-Wajeez Fi Usool-il-Fiqah, Lahore: Dar-ul-Kutb Al-Salfiyah, 1425 Hijri.